# 10267-اسلام کی ابتدا کب ہوئی اور اسلامی ترقی کس نے وضع کی

## سوال

اسلامی ترقی کا واضع کون ہے ، اوردین اسلام کی ابتداء کب ہوئی ، اوراسلام کے احکام کیا ہیں ، اوراس دین میں داخل ہونے کا طریقہ کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

اگر آپ کا اسلامی ترقی سے مقصد دین اسلام ہے تواس کا جواب دوسرے پہرے میں ہے ۔

1–اگر تواس سوال سے آپ کا مقصد امت اسلامیہ کے مادی ترقی ہے جوکہ اسے اسلام کے سنہری ادوار میں حاصل ہوئی ، تویہ کوئی ابھی پیدا نہیں ہوئی بلکہ اسلام کی ابتداء کے سے ہی اس کا آغاز ہوچکا تھا بلکہ خصوصی طور پر دور نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں جب مملکت اسلامیہ کا قیام عمل میں آیا تووہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوئی ۔

اورپھر فتوحات اسلامیہ کے ساتھ ساتھ اس میں ترقی اورجدت آتی گئی حتی کہ جہاں تک پہنچنی تھی پہنچ گئی ، اگراس کی نسبت کرنا صحیح ہو تواللہ تعالی کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی جاسکتی ہے ، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ کے علاوہ سب نے اپنی استطاعت کے مطابق اس کے مکمل کرنے میں حصہ ڈالا ہے ۔

2–اوردین اسلام کی ابتدا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے ہوئی ، اوراس دین سے مقصود دین اسلام کا عقیدہ اورشریعت ہے ۔

اوراسلامی احکامات بہت زيادہ ہیں جن کواس جلد بازی سے ذکر کرنا مشکل ہے لیکن یہاں پر ہم ان میں کچھ اہم احکامات کا ذکر کرتے ہیں :

اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ وحدہ لاشریک کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کے رسول ہیں ، اور نماز کی پابندی کرنا ، زکاۃ کی ادائگی ، رمضان المبارک کے روزے رکھنا ، بیت اللہ کا حج کرنا ۔

کوئی بھی انسان کلمہ طیبہ (لاالہ الا اللہ وأن محمداًرسول اللہ) پڑھ کراسلام میں داخل ہوسکتا ہے ، کلمہ پڑھنے کے بعد باقی احکامات نماز ، روزہ ، حج ، وغیرہ پر عمل کرنا ضروری ہے جن کی تفصیل آپ مندرجہ ذیل سوال نمبر (13569) کے جواب میں پائيں گے آپ اس کا مراجعہ کریں ۔

واللہ اعلم .